
مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

# دُرودِ تاج



# Durood e Taj

# فضائلِ درُودِ تاج

درود تاج میں نبی کریم رحمتہ للعالمین احمد مجتبیٰ حضرت محمد مُصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تعریف و توصیف بہت خوبصورت پیارے اور جامع الفاظ میں کی گئی ہے جو رحمتوں اور برکتوں کا ایک بے پایاں سمندر اور بے پناہ فیوض و برکات کا سرچشمہ ہے:

- یہ درُودِ پاک کثرت سے پڑھنے والا صاحب کشف ہو جاتا ہے۔
- یہ درُودِ پاک فجر کی نماز کے بعد روزانہ سات مرتبہ پڑھنے سے پاکیزہ و حلال روزی میں اضافہ ہو جاتا ہے۔
- یہ درُودِ پاک دن میں ایک مرتبہ پڑھ لینے سے دشمنوں، ظالم افسروں اور حاکموں کی زیادتی سے آدمی محفوظ ہو جاتا ہے۔
- یہ درُودِ پاک گیارہ مرتبہ پڑھ کر دَم کرنے سے جادو ٹونہ یا جن وغیرہ سے چھٹکارہ مل جاتا ہے۔
- اولاد حاصل کرنے کے لیے یہ درُودِ پاک روزانہ ایک چھوہارے پر سات مرتبہ پڑھ کر اکیس روز تک عورت کو ہر روز کھلانے کے بعد غسل و طہارت کے بعد ہم بستر ہو، انشاء اللہ تعالیٰ نیک اولاد ہو گی۔
- اگر حاملہ عورت کو کسی قسم کا خلل ہو یعنی حمل ضائع ہو جاتا ہو، مُردہ بچہ پیدا ہوتا ہو یا بچہ پیدا ہوتے ہی فوت ہو جاتا ہو تو سات دن تک سات سات مرتبہ روزانہ یہ درُودِ پاک پڑھ کر پانی پر دَم کر کے عورت کو پلایا جائے تو اللہ تبارک و تعالیٰ کے فضل و کرم سے خیر ہو جائے گی۔

# درود تاج

درود تاج

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پر

مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ

رحمت نازل فرما جو صاحب تاج و معراج

وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ ط دَافِعِ الْبَلَاۗءِ

اور براق والے اور جھنڈے والے ہیں جن کے

وَالْوَبَاۗءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ ط

وسیلے سے بلا وبا قحط مرض اور دکھ دور ہوتا ہے

اِسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ

آپ کا نام نامی لکھا گیا بلند کیا گیا قبول شفاعت

مَّنْقُوْشٌ فِى اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ ط سَيِّدِ

کیا گیا اور لوح و قلم میں کھدا ہوا ہے آپ

الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ جِسْمُهٗ مُقَدَّسٌ

عرب و عجم کے سردار ہیں آپ کا جسم نہایت مقدس

مُّعَطَّرٌ مُّطَهَّرٌ مُّنَوَّرٌ فِی الْبَیْتِ

خوشبودار پاکیزہ اور خانہ کعبہ و حرم پاک

وَالْحَرَمِ شَمْسِ الضُّحٰی بَدْرِ الدُّجٰی

میں منور ہے آپ چاشت گاہ کے آفتاب اندھیری رات کے ماہتاب

صَدْرِ الْعُلٰی نُوْرِ الْهُدٰی کَهْفِ الْوَرٰی

بلندیوں کے صدر نشین راہ ہدایت کے نور مخلوقات کی جائے پناہ

مِصْبَاحِ الظُّلَمِ جَمِیْلِ الشِّیَمِ شَفِیْعِ

اندھیروں کے چراغ نیک اطوار کے مالک امتوں کے

الْاُمَمِ صَاحِبِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاللّٰهُ

بخشوانے والے بخشش و کرم سے موصوف ہیں اللہ آپ

عَاصِمُهٗ وَجِبْرِیْلُ خَادِمُهٗ وَالْبُرَاقُ

کا نگہبان جبرئیل آپ کے خدمت گذار براق

مَرْکَبُهٗ وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُهٗ وَسِدْرَةُ

آپ کی سواری معراج آپ کا سفر ، سدرۃ

الْمُنْتَهٰى مَقَامُهٗ وَقَابَ قَوْسَيْنِ

المنتہیٰ آپ کا مقام اور (قرب خداوندی میں) قاب قوسین کا

مَطْلُوْبُهٗ وَالْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُهٗ وَالْمَقْصُوْدُ

مرتبہ آپ کا مطلوب ہے اور مطلوب ہی آپ کا مقصود ہے اور مقصود

مَوْجُوْدُهٗ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ خَاتَمِ النَّبِيّٖنَ

آپ کو حاصل ہے آپ رسولوں کے سردار نبیوں میں سب سے پیچھے آنے والے

شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ اَنِيْسِ الْغَرِيْبِيْنَ

گنہگاروں کے بخشوانے والے مسافروں کے غم خوار

رَحْمَةٍ لِّلْعٰلَمِيْنَ رَاحَةِ الْعَاشِقِيْنَ

دنیا جہان کے لیئے رحمت عاشقوں کی راحت

مُرَادِ الْمُشْتَاقِيْنَ شَمْسِ الْعَارِفِيْنَ

مشتاقوں کی مُراد خُداشناسوں کے آفتاب

سِرَاجِ السّٰلِكِيْنَ مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِيْنَ

راہِ خدا پر چلنے والوں کے چراغ مقرّبوں کے راہ نما

مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ وَالْغُرَبَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ سَيِّدِ

محتاجوں غریبوں اور مسکینوں سے محبت رکھنے والے جن و انس کے

الثَّقَلَیۡنِ نَبِیِّ الۡحَرَمَیۡنِ اِمَامِ الۡقِبۡلَتَیۡنِ

سردار حرمین کے نبی دونوں قبلوں (بیت المقدس و کعبہ) کے پیشوا

وَسِیۡلَتِنَا فِی الدَّارَیۡنِ صَاحِبِ قَابَ

اور دنیا و آخرت میں ہمارے وسیلہ ہیں وہ جو مرتبہ قاب

قَوۡسَیۡنِ مَحۡبُوۡبِ رَبِّ الۡمَشۡرِقَیۡنِ وَرَبِّ

قوسین پر فائز ہیں دو مشرقوں اور دو مغربوں

الۡمَغۡرِبَیۡنِ جَدِّ الۡحَسَنِ وَالۡحُسَیۡنِ مَوۡلٰنَا

کے رب کے محبوب حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ کے جدامجد

وَمَوۡلَی الثَّقَلَیۡنِ اَبِی الۡقَاسِمِ مُحَمَّدِ بۡنِ

اور ہمارے اور تمام (جن وانس) کے آقا ہیں یعنی ابی القاسم محمد بن

عَبۡدِ اللّٰہِ نُوۡرٍ مِّنۡ نُّوۡرِ اللّٰہِ ط یٰۤاَیُّھَا الۡمُشۡتَاقُوۡنَ

عبداللہ جو اللہ کے نُور میں سے ایک نور ہیں اے نورِ جمال محمدیؐ کے

بِنُوۡرِ جَمَالِہٖ صَلُّوۡا عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ

مشتاقو! آپؐ پر اور آپؐ کی آل اور آپؐ کے صحابہ پر درود

وَسَلِّمُوۡا تَسۡلِیۡمًا ○

و سلام بھیجو جو بھیجنے کا حق ہے

# فضائلِ درودِ تنجینا

درُود تنجینا وہ درُود شریف ہے جو ہر مشکل مہم اور مصائب و آلام سے نجات دلاتا ہے۔ اِس درُود شریف کو تنجی بھی کہا جاتا ہے۔ اسکے فضائل بے پناہ ہیں۔ اور بزرگان دین کا بار بار آزمُودہ ہے۔ جناب غوث الاعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ کوئی شخص نہایت مشکل میں پھنس گیا۔ اس نے باوضو معطر ہو کر یہ درُود شریف پڑھنا شروع کیا تو اسکی مشکل بہت جلد آسان ہو گئی۔ جو کوئی اس درُود پاک کو قبلہ رو ہو کر ادب و احترام کے ساتھ ہر روز تین سو (۳۰۰) بار پڑھے گا، اللہ تعالیٰ کے فضل سے اسکی سخت ترین مشکل بھی حل ہو جائیگی۔

قمر منیر میں علامہ فاکہانی نے ایک بزرگ شیخ مُوسیٰ کے واقعہ کا ذکر کیا ہے کہ ہمارا قافلہ ایک بحری جہاز میں سفر کر رہا تھا۔ جہاز ایک بہت بڑے طوفان میں گھر گیا۔ ایسا دکھائی دینے لگا کہ چند لمحوں میں جہاز ڈوب جائے گا۔ اور اُس پر سوار تمام لوگ موت کے مُنہ میں چلے جائیں گے شیخ مُوسیٰ فرماتے ہیں کہ افراتفری کے اس عالم میں مجھ پر نیند نے غلبہ کیا اور مجھے غنودگی طاری ہو گئی۔ اس حالت میں میں نے دیکھا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم تشریف لائے اور حکم دیا کہ تم اور تمہارے ساتھی یہ درُود پاک ایک ہزار مرتبہ پڑھو۔ میں بیدار ہوا اور ساتھیوں کو جمع کیا۔ باوضو ہو کر ہم نے یہ درُود شریف پڑھنا شروع کیا۔ ابھی تین سو بار ہی پڑھا تھا کہ طوفان کا زور ٹُوٹنے لگا اور تھوڑی ہی دیر میں آسمان صاف اور سمندر پُر سکون ہو گیا ـــــ دیدار و زیارت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی خاطر عشاء کی نماز کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھ کر باوضو سو جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ چالیس روز کے اندر اندر مقصد حاصل ہو گا۔ مصیبت، پریشانی اور خطرے سے چھٹکارا حاصل کرنے کے روزانہ ستر (۷۰) مرتبہ پڑھیں، نجات ہو گی ـــــ کسی بھی تکلیف یا بیماری میں کثرت سے پڑھیں، تریاق کا حکم رکھتا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

# درودِ تنجینا

درود تنجینا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اے اللہ! ہمارے سردار حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم اور

عَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنَجِّيْنَا

اُن کی آلؑ پر ایسی رحمت و برکت نازل فرما

بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِيْ

جس سے ہمیں تمام ڈر خوف اور آفات سے نجات ہو جائے

لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا

اور جس کی برکت سے ہماری تمام حاجتیں روا ہو جائیں

مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا

اور جس کی بدولت ہم تمام گناہوں سے پاک و صاف ہو جائیں

عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا

اور جس کے وسیلہ سے ہم تیری بارگاہ میں اعلیٰ درجوں پر متمکن ہوں

أَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيعِ الْخَيْرَاتِ فِي

اور جس کے ذریعے ہم زندگانی کی تمام نیکیوں اور مرنے کے بعد کی تمام

الْحَيَاتِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ إِنَّكَ مُجِيبُ

اچھائیوں سے بدرجۂ غایت فائدہ حاصل کریں خدائے پاک تحقیق

الدَّعَوَاتِ وَرَافِعُ الدَّرَجَاتِ وَيَا قَاضِيَ

آپ ہماری دعاؤں کے قبول فرمانے والے ہیں اور ہمارے

الْحَاجَاتِ وَيَا كَافِيَ الْمُهِمَّاتِ وَيَا دَافِعَ

درجات کو بلند کرتے والے اور ہماری حاجتوں کو بر لانے والے اور

الْبَلِيَّاتِ وَيَا حَلَّ الْمُشْكِلَاتِ أَغِثْنِي أَغِثْنِي

ہماری بلاؤں کو رفع کرنیوالے اور ہماری سخت مشکلات کے حل کرنیوالے میری فریاد کو پہنچیں ، اور

أَغِثْنِي يَا إِلٰهِي إِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

اسے اپنے حضور تک رسائی دیں میری عرض قبول فرمائیں الٰہی ! تحقیق تو ہی ہر چیز پر قادر ہے

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ

اے اللہ درود بھیج اوپر سردار ہمارے محمدؐ جو نبی

الْأُمِّيِّ وَاٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ط

بن پڑھے ہیں اور آپ کی آل پر برکت اور سلامتی

# فضائلِ درودِ ماہی

درُود ماہی کا پڑھنے والا ہر مصیبت اَور بلا سے بچا رہتا ہے اسے کثرت سے پڑھنا جادو ٹُونے اور دُشمن کے حملے، حسد، جنّات اور آسیب سے محفوظ رکھتا ہے۔

روزانہ فجر کی نماز کے بعد ایک سو گیارہ "111" مرتبہ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ جل شانہٗ پڑھنے وَالے کی حفاظت اور عزت افزائی کے لیئے ایک فرشتہ مقرر کر دیتا ہے

اِس درُود شریف کی سند یہ ہے کہ ایک اعرابی ایک بڑے برتن میں ایک مچھلی ڈالے حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی خدمت میں حاضر ہُوا اور عرض کی کہ اِس مچھلی کو تین دن سے آگ پر پکا رہا ہوں لیکن آگ اِس پر اثر نہیں کرتی۔

حضُور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے مچھلی سے دریَافت فرمایا تو مچھلی کو اللہ ربُّ العزت نے قوّتِ گویائی بخشی۔ مچھلی نے بتایا کہ ایک دفعہ ایک شخص پانی کے کنارے درُود شریف پڑھ رہا تھا جو میں نے سُنا۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ نے حضُور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے حکم کے مُطابق مچھلی سے سُن کر درُود شریف لکھا اَور لوگوں کو سکھلایا اس لیئے اس درُود کو درُودِ ماھی کہا جاتا ہے۔

# درودِ ماھی

درود ماہی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؁

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی

اے اللہ درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر اور

اٰلِ مُحَمَّدٍ خَیۡرِ الۡخَلَآئِقِ وَ

اُن کی آلؑ پر جو مخلوق میں سب سے بہتر ہیں

اَفۡضَلِ الۡبَشَرِ وَشَفِیۡعِ الۡاُمَمِ

اور افضل بشر ہیں اور یوم حشر و نشر میں اُمت

یَوۡمَ الۡحَشۡرِ وَالنَّشۡرِ وَصَلِّ

کے شفیع ہیں اور سیدنا محمد صلی اللہ

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی

علیہ وسلم پر اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ

آلؑ پر معلوم اعداد کی حد تک درود بھیج

مَعْلُوْمٍ لَّكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور اُن کی

وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

آلؑ پر درود اور برکت اور

وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ

سلامتی ہو تمام انبیاء اور

وَالْمُرْسَلِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى كُلِّ

رسولوں پر درود بھیج اور تمام

الْمَلٰٓئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَعَلٰى

مقرب ملائکہ اور صالح بندوں پر

عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ وَسَلِّمْ

زیادہ سے زیادہ درود اور سلام

تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا ط

بھیج ساتھ اپنی رحمت

بِرَحْمَتِكَ وَبِفَضْلِكَ وَ

اور اپنے فضل اور

بِكَرَمِكَ يَآ اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ

اپنے کرم کے اے سب سے زیادہ کرم

بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ؕ

کرنے والے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے ساتھ اپنی رحمت کے

يَا قَدِيْمُ يَا دَآئِمُ يَا حَيُّ

اے قدیم اے ہمیشہ رہنے والے اے زندہ

يَا قَيُّوْمُ يَا وِتْرُ يَآ اَحَدُ

اے قائم اے وتر اے احد

يَا صَمَدُ يَا مَنْ لَّمْ يَلِدْ

اے بے نیاز جسے کسی نے جنا نہیں

وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ

اور نہ وہ کسی سے جنا گیا اور نہیں اسے کے جوڑ کا

كُفُوًا اَحَدٌ ج بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ

کوئی وہ اکیلا ہے ساتھ اپنی رحمت کے اے رحم

الرّٰحِمِيْنَ ؕ

کرنے والے رحم کر

# فضائلِ درُودِ ناریہ

اہلِ رُوحانیت میں اِس درُود شریف کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ کیونکہ اِس میں گوناگوں رُوحانی اسرار ہیں اور حصُولِ معرفت کا ذریعہ ہے۔

● رُوحانی کشف حاصِل کرنے کے لیئے مُرشد کامِل سے اجازت لے کر تنہائی والی جگہ پر ۴۰ دن کے لیئے گوشہ نشین ہو جائے، دن کے وَقت روزہ رکھے اور دن رَات یہ دُرود شریف پڑھے، پردہ غیب سے عجیب اسرار ظاہر ہوں گے۔

● رمضان المبارک میں اعتکاف کے دوران اِس درُودِ پاک کو کثرت سے پڑھا جائے تو اللہ تبارک و تعالےٰ بے شمار رُوحانی اسرار سے نوازے گا

● دنیوی فائدے کے لیئے اِس دُرود شریف کو پڑھنے سے رنج وغم اور پریشانیوں سے حفاظت ملتی ہے۔

● مُصیبت کے وَقت اس دُرود شریف کا وِرد کرنے سے اِنشاء اللہ مُصیبت فوراً دُور ہو جاتی ہے۔

# دُرودِ ناریہ

دُرودِ ناریہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ صَلٰوةً كَامِلَةً

اے اللہ تو دُرود نازل کر ایسا دُرود جو کامل ہو

وَّسَلِّمۡ سَلَامًا تَآمًّا عَلٰى

اور سلام بھیج ایسا سلام جو مکمل ہو اوپر

سَيِّدِنَا وَ مَوۡلٰنَا مُحَمَّدِنِ

ہمارے سردار اور ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے

الَّذِىۡ تَنۡحَلُّ بِهِ الۡعُقَدُ

جن کے ذریعے سے مشکلیں حل ہوتی ہیں

وَتَنۡفَرِجُ بِهِ الۡكُرَبُ وَ

اور پریشانیاں رفع ہوتی ہیں اور

تُقْضٰی بِهِ الْحَوَآئِجُ وَتُنَالُ

ضرورتیں پوری ہوتی ہیں اور مقاصد

بِهِ الرَّغَآئِبُ وَحُسْنُ الْخَوَاتِيْمِ

حاصل ہوتے ہیں اور خاتمہ بخیر ہوتا ہے

وَيُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ

اور بادل آپ کے معزز چہرہ کو دیکھ کر

الْكَرِيْمِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَ

سیراب ہوتا ہے اور درود بھیج آپ کی آلؑ پر اور

اَصْحَابِهٖ فِيْ كُلِّ لَمْحَةٍ

آپ کے دوستوں پر ہر لمحہ

وَّنَفَسٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ

اور ہر سانس میں مطابق اپنی معلومات کے شمار کے

يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ ○

اے اللہ! اے اللہ! اے اللہ

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com